تنقید و تعارف

فلسفۂ دعا

از پروفیسر فضل احمد عارف۔ ایم اے۔ ناشر مکتبۂ رشیدیہ محلہ منڈی منٹگمری۔ صفحات ۱۸۴۔ قیمت مجلد گرد پوش چار روپے، کاغذ، کتابت و طباعت عمدہ۔

دعا عبادات کی مغز اور شکستہ دلوں کے لئے سامانِ تسکین اور خالق و مخلوق کے درمیان ایک مضبوط رابطہ اور تعلق کا ذریعہ ہے۔ قدرت نے انسان کے خمیر میں سوز دروں احتیاج و التجا کی جو صفت رکھی ہے۔ اس کا اظہار دعا سے ہی ہوتا ہے۔ اس خدا فراموش دور میں مادہ پرستی کے شکار انسان کو دعا کی حقیقت اہمیت اور افادیت سے روشناس کرانا ایک مفید خدمت ہے۔ فاضل مصنف نے دعا کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی ہے۔ باب اوّل میں دعا کی حکمت اور افادیت پر کئی ذیلی عنوانات کے ضمن میں روشنی ڈالی گئی ہے۔ علماء اسلام کے علاوہ دعا کے متعلق یونانی حکماء، مغربی اقوام اور دنیا کے دیگر کئی مشاہیر کے تاثرات بھی پیش کر دیئے ہیں۔ بعد کے ابواب میں اسلام کا تصورِ دعا، قبول دعا کے طریقے، قرآنی دعاؤں کے خصائص پھر قرآنی دعاؤں کے ضمن میں انبیاء کی دعائیں اور قرآنی دعاؤں کے فضائل پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ حق تو یہ ہے۔ کہ فاضل مؤلف نے موضوع کی جامعیت اور عظمت کا ہر طرح لحاظ رکھا ہے۔ اس کا ہر باب گنجینۂ معلومات ہے۔ اس موضوع کو جس تحقیقی انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ وہ اس کتاب ہی کی خصوصیت ہے۔ اہل ذوق و شوق کے ذوقِ دعا میں اس کے پڑھنے سے اضافہ ہوگا۔ اور جن قلوب کو دعا کے بارہ میں شکوک و شبہات ہیں۔ وہ بھی دور ہو سکیں گے۔ اللہ تعالے مؤلف کی اس محنت کو قبول فرمادے۔

حقیقتِ رمضان

از پروفیسر فضل احمد عارف۔ ناشر دار التصنیف والاشاعت ۱۴۔ بی شاہ عالم مارکیٹ لاہور۔

فلسفۂ دعا کے مؤلف نے اس رسالہ میں رمضان المبارک کی فضیلت اسکی تاریخی اہمیت، اس کے عبادات کی خصوصیت سے بحث کی ہے۔ رمضان کا مہینہ مومنین کے لئے بہار رحمت کا مہینہ ہے۔ اس کے اثرات مومن کی پوری زندگی پر پڑ سکتے ہیں۔ بشرطیکہ اسکی اہمیت، برکات اور فضیلت کا صحیح اندازہ ہو جائے اور اس کتاب سے یہ مقصد حاصل ہو سکتا ہے۔

ذکر اللہ اور درود و سلام کے فضائل و مسائل

از حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مفتی اعظم پاکستان صفحات ۹۶ طباعت و کتابت عمدہ قیمت ۵۰ پیسے۔

موضوع کی عظمت اور اہمیت کے علاوہ کتاب کی افادیت کے لئے حضرت مفتی صاحب موصوف مدظلہ کا نام نامی